اسمبلی رپورٹ (مباحثات)

بارہویں اسمبلی / آٹھواں اجلاس (پہلی نشست)

# بلوچستان صوبائی اسمبلی

اجلاس منعقدہ بروز سوموار مورخہ 14/اکتوبر 2024ء بمطابق ۱۰/ربیع الثانی ۱۴۴۶ھ۔



| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | تلاوت قرآن پاک اور ترجمہ۔ | 03 |
| 2 | دُعائے مغفرت۔ | 04 |
| 3 | پینل آف چیئرپرسنز۔ | 04 |
| 4 | مشترکہ تعزیتی قرارداد۔ | 05 |



جلد 08 ☆☆☆ شمارہ 01

## ایوان کے عہدیدار

اسپیکر۔۔کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب عبدالخالق خان اچکزئی

ڈپٹی اسپیکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میڈم غزالہ گولہ بیگم

## ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب طاہر شاہ کاکڑ

اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)۔۔۔۔جناب عبدالرحمٰن

چیف رپورٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب مقبول احمد شاہوانی

☆☆☆

# بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس

بروز سوموار مورخہ 14/اکتوبر 2024ء بمطابق ۱۰/ربیع الثانی ۱۴۴۶ھ۔

بوقت سہ پہر 03:30 منٹ پر زیر صدارت کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب عبدالخالق خان اچکزئی، اسپیکر، بلوچستان صوبائی اسمبلی ہال کوئٹہ میں منعقد ہوا۔

**جناب اسپیکر:** السلام علیکم! کارروائی کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے کیا جاتا ہے۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ **از** حافظ محمد شعیب آخوندزادہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

وَلَا تَقُوۡلُوۡا لِمَنۡ یُّقۡتَلُ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ اَمۡوَاتٌ ؕ بَلۡ اَحۡیَآءٌ وَّلٰکِنۡ لَّا تَشۡعُرُوۡنَ ﴿۱۵۴﴾ وَلَنَبۡلُوَنَّکُمۡ
بِشَیۡءٍ مِّنَ الۡخَوۡفِ وَالۡجُوۡعِ وَنَقۡصٍ مِّنَ الۡاَمۡوَالِ وَالۡاَنۡفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیۡنَ ﴿۱۵۵﴾
الَّذِیۡنَ اِذَاۤ اَصَابَتۡہُمۡ مُّصِیۡبَۃٌ ۙ قَالُوۡۤا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّاۤ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ ﴿۱۵۶﴾ اُولٰٓئِکَ عَلَیۡہِمۡ
صَلَوٰتٌ مِّنۡ رَّبِّہِمۡ وَرَحۡمَۃٌ ۟ وَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡمُہۡتَدُوۡنَ ﴿۱۵۷﴾

﴿پارہ نمبر ۲ سُوۡرَۃُ البقرہ آیات نمبر ۱۵۴ تا ۱۵۷﴾

**ترجمہ:** اور نہ کہو اُن کو جو مارے گئے خدا کی راہ میں کہ مُردے ہیں بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم کو خبر نہیں۔ اور البتہ ہم آزمائیں گے تم کو تھوڑی سی ڈر سے اور بھوک سے اور نقصان سے مالوں کے اور جانوں کے اور میوؤں کے۔ اور خوش خبری دے اُن صبر کرنے والوں کو کہ جب پہنچے اُن کو کچھ مصیبت تو کہیں ہم تو اللہ ہی کا مال ہیں اور ہم اُسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ ایسے ہی لوگوں پر عنایتیں ہیں اپنے رب کی اور مہربانی اور وہی ہے سیدھی راہ پر۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡم۔

**جناب اسپیکر:** جَزَاکَ اللّٰہ.اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم . بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ ۔آپ پلیز اپنی اپنی سیٹوں پر تشریف رکھیں۔

**سردار عبدالرحمٰن کھیتران (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ):** جناب اسپیکر صاحب!

**جناب اسپیکر:** ایک منٹ لیڈر آف دی ہاؤس کو ذرا بولنے دیں۔جی پلیز۔

**میر سرفراز احمد بگٹی (قائد ایوان):** جناب اسپیکر! آپ کا شکریہ۔جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہماری اسمبلیوں کی پاکستان بھر میں یہ روایت رہی ہے کہ جب ایک sitting minister کی death ہوتی ہے تو اُس کو ہم صرف ایک' باقی کارروائی کو ڈیفر کرکے ہم صرف اُس کے لیے ایک تعزیتی قرارداد پیش کرتے ہیں اور ساتھ میں جو اِس درمیان میں جیسا سردار صاحب نے کہا کہ دُکی میں لوگ شہید ہوئے ہیں' پنجگور میں کچھ دہشتگردوں نے لوگوں کو شہید کیا ہے۔سردار سرفراز چاکر ڈومکی صاحب کی مغفرت کے لیئے' میر ظفر زہری صاحب کی والدہ جو ہمارے اپوزیشن لیڈر کی خوشدامن تھیں اُن کا بھی انتقال ہوا ہے۔تو اُنکے لیے پہلے' جیسا کہ آغا شکیل درانی صاحب کی والدہ محترمہ کا انتقال ہوا ہے' تو اُن کے لیے پہلے دعا کرالیں پھر آپ سے یہ request ہے کہ ہم قرارداد لے آئیں گے۔اور میں چاہتا ہوں کہ سارے دوست اُس کو unanimous اگر کریں سب کی طرف سے اگر قرارداد ہو۔تاکہ سردار سرفراز چاکر ڈومکی کی فیملی کو بھیج سکیں کہ اِس اسمبلی میں وہ ہمارے ساتھ رہے ہیں' پانچ سال پہلے بھی رہے ہیں ٹوٹل اُن کا tenure کوئی دس بارہ سال کا تھا تو اِس پر پہلے دعا کرلیں۔اگر آپ اجازت دیں تو باقی کارروائی کو ڈیفر کر دیتے ہیں۔

**جناب اسپیکر:** ok please' جی مولوی صاحب! دعا کریں۔

(دعائے مغفرت کی گئی)

**جناب اسپیکر:** **پینل آف چیئر پرسنز۔**

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔مَیں قواعد و انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 13 کے تحت ذیل اراکین اسمبلی کو رواں اجلاس کے لیے پینل آف چیئر پرسنز کے لیے نامزد کرتا ہوں:

۱۔ حاجی محمد خان طوراوتمانخیل صاحب۔　۲۔ خیر جان بلوچ صاحب۔

۳۔ ملک نعیم خان بازئی صاحب۔　۴۔ میر اسداللہ بلوچ صاحب۔

**جناب اسپیکر:** چونکہ ہمارے ایک معزز رکن اسمبلی جس طرح لیڈر آف دی ہاؤس نے فرمایا سردار سرفراز چاکر خان ڈومکی صاحب جو کہ مورخہ 16 ستمبر 2024ء کو طویل علالت کے باعث کراچی کے ایک نجی ہسپتال میں انتقال فرما گئے تھے۔حسبِ روایات اِن کے صوبے کے لیے گراں قدر خدمات کے اعتراف میں آج کی نشست میں صرف اُن کے لیے

دعا اور تعزیتی قرارداد پیش کی جائے گی۔اور آج کی نشست کی تمام کارروائی کو اسمبلی کی اگلی نشست کے لیے ڈیفر کیا جائے گا۔لہٰذا لیڈر آف دی ہاؤس سے request ہے کہ اسمبلی کی کارروائی کو ڈیفر کرنے کے لیے تحریک پیش کریں۔

**قائد ایوان:** شکریہ جناب اسپیکر۔مَیں سرفراز بگٹی، وزیر اعلیٰ بلوچستان، قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 180 کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ سردار سرفراز چاکر ڈومکی مرحوم کے صوبے کے لیے گراں قدر خدمات کے اعتراف میں آج کی اسمبلی کارروائی کو اسمبلی کی اگلی نشست کے لیے ڈیفر کیا جائے۔

**جناب اسپیکر:** تحریک پیش ہوئی ۔ آیا تحریک منظور کی جائے؟ تحریک منظور ہوئی۔ لہٰذا آج کی اسمبلی کارروائی بروز بدھ مورخہ 16 اکتوبر 2024ء کے لیے ڈیفر کی جاتی ہے۔لیڈر آف دی ہاؤس سے request ہے کہ ایک مرتبہ پھر کہ مشترکہ تعزیتی قرارداد پیش کرنے کی بابت تحریک پیش کریں۔

**قائد ایوان:** میں سرفراز بگٹی، وزیر اعلیٰ بلوچستان، قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 180 کے تحت تحریک پیش کرتا ہوں کہ سردار سرفراز چاکر ڈومکی مرحوم کے صوبے کے لیے گراں قدر خدمات کے اعتراف میں تعزیتی قرارداد پیش کرنے کی بابت قاعدہ نمبر 2-103 کے لوازمات کو exempt قرار دیا جائے۔

**جناب اسپیکر:** تحریک پیش ہوئی۔آیا تحریک منظور کی جائے؟ تحریک منظور ہوئی۔لہٰذا محرکین میں سے کوئی ایک محرک اپنی مشترکہ تعزیتی قرارداد پیش کرے۔کوئی بھی ایک رکن پیش کرے، صادق صاحب! آپ پیش کریں۔

**مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ:** مشترکہ کر دیں۔

**جناب اسپیکر:** جی ہاں مشترکہ کر دیتے ہیں۔جی۔

**میر محمد صادق عمرانی (وزیر آبپاشی):** مشترکہ تعزیتی قرارداد۔

جناب اسپیکر صاحب! ہرگاہ کہ یہ ایوان بلوچستان صوبائی اسمبلی کے رکن اور صوبائی وزیر محکمہ بلدیات سردار سرفراز خان ڈومکی جو کہ مورخہ 16 ستمبر 2024ء کو طویل علالت کے بعد کراچی کے ایک نجی ہسپتال میں انتقال فرما گئے ۔ ہرگاہ کہ یہ ایوان رنج، غم اور افسوس کا اظہار کرتا ہے یہ کہ سردار سرفراز خان چاکر ڈومکی عام انتخاب 2024ء میں حلقہ پی بی۔8 سبی سے صوبائی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے اور بعد ازاں اُنہیں صوبائی وزیر، محکمہ بلدیات کا قلمدان سونپا گیا۔اِس سے پیشتر سردار صاحب اپنی سیاسی کیریئر میں صوبائی وزیر اور مشیر وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے اپنی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔یہ ایوان ان کی صوبے کے لیے گراں قدر خدمات پر اُنہیں شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ان کی وفات سے صوبہ ایک مخلص اور قابل سیاستدان سے محروم ہو گیا ہے۔لہٰذا بلوچستان اسمبلی کا یہ ایوان ان کے خاندان سے نہ صرف دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے بلکہ دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام دے اور لواحقین کو صبر وجمیل

عطا فرمائے۔آمین۔

**جناب اسپیکر:** آمین۔ایوان کی طرف سے متفقہ تعزیتی قرارداد پیش ہوئی۔آیا متفقہ تعزیتی قرارداد منظور کی جائے؟

قرارداد منظور ہوئی۔

**جناب اسپیکر:** اب اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 16 اکتوبر 2024ء بوقت سہ پہر 00: 3 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اسمبلی کا اجلاس 03 بجکر 42 منٹ پر اختتام پذیر ہوا)

☆☆☆